"مرزا طاہر ہماری زبان میں بات کر رہے ہیں۔" "ہمارے دیرینہ موقف کی تائید ہے۔ قادیانی یہود و نصاریٰ کے مہرے کے طور پر کام کر رہے ہیں۔

اجلاس میں وضاحت کی گئی کہ مجلس احرار اسلام، "مجلس عمل علماء اسلام" نامی اتحاد میں شامل نہیں ہے۔ اجلاس میں متعدد قراردادیں بھی منظور کی گئیں جن میں مطالبہ کیا گیا کہ قرآن و سنت کو سپریم لاء قرار دیکر مکمل اسلامی نظام نافذ کیا جائے، سودی نظام ختم کیا جائے۔ مسلمانوں سے غداری اور انگریز سے وفاداری کے عوض ملنے والی جاگیریں اور اثاثے ضبط کئے جائیں۔ قادیانیوں اور عیسائیوں سمیت تمام غیر مسلم اقلیتوں کو آئین کا پابند بنایا جائے، اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات کی روشنی میں ارتداد کی شرعی سزا نافذ کی جائے۔ اجلاس میں ساہیوال میں بشپ جان جوزف کی موت کو خودکشی قرار دینے والی تفتیشی ٹیم پر مکمل عدم اعتماد ظاہر کیا گیا اور مطالبہ کیا گیا کہ جان جوزف کیس کی اعلیٰ سطح پر غیر جانبدارانہ ازسرنو تفتیش کرائی جائے۔

❀ ❀ ❀

پروفیسر محمد اکرام تائب (عارف والا)

ایٹمی دھماکہ

چار سو مچ گئی دوہائی ہے
بات سَو کی جو اک سنائی ہے

تلملا اٹھا ہے کلنٹن تو!
بلبلا اٹھا واجپائی ہے

یار ہے یا عدو ہے امریکہ
پھر گھڑی سوچنے کی آئی ہے

راہ پر آ گئے ہیں پنڈت جی
ایک ٹھوکر جو اب لگائی ہے

کل تلک رنگ اور تھا لیکن!
آج بدلی ہوئی خدائی ہے

ایٹمی بم کے تیز شعلوں نے
آگ سینے کی اب بجھائی ہے

زندگی موت کی امانت ہے
وقت نے بات یہ بتائی ہے

اپنے قائد نواز نے تائب
اک نئی رہ ہمیں دکھائی ہے